سبق - 6

# طوطا

(ط ظ ع غ)




SCERT TELANGANA

## سنیے - بولیے

(الف) طلبا سے تصویروں کے بارے میں گفتگو کی جائے۔

1۔ پنجرے میں کیا ہے؟

2۔ طوطا درخت پر آسانی سے کیوں نظر نہیں آتا؟

3۔ چڑیا کیوں خاموش اور اُداس بیٹھی ہے؟

4۔ تصویر میں موجود بچوں کے نام دیجیے؟

5۔ کیا آپ نے کبھی کوئی پرندہ پالا ہے؟

(ب) اب ہم ان پنجروں میں موجود پرندوں کی کہانی سنتے ہیں۔

ظفر کے گھر میں ایک چڑیا اور ایک طوطا ہے۔اس نے ان دونوں کو الگ الگ پنجروں میں رکھا تھا۔طوطا ہمیشہ اپنا پنجرہ صاف ستھرا رکھتا اور چڑیا گندگی میں رہتی تھی۔ ظفر اور اس کے دوست اکثر طوطے سے باتیں کر کے اپنا دل بہلاتے۔ چڑیا یہ دیکھ کر افسوس کرتی اور اُداس ہو جاتی تھی۔ایک دن غازی اور عامر اپنے دوست ظفر سے ملنے آئے۔کھیلتے کھیلتے وہ تینوں طوطے کے پاس گئے اور اس سے باتیں کرنے لگے۔ یہ دیکھ کر چڑیا رونے لگی۔ چڑیا کو روتا دیکھ کر ظفر نے کہا ''اگر تم بھی اپنا پنجرہ صاف رکھو گی تو ہم تم سے بھی باتیں کرنے آئیں گے۔'' ظفر کی بات سن کر چڑیا بھی اپنا پنجرہ صاف رکھنے لگی۔ پھر کیا تھا' ظفر عامر اور غازی' تینوں طوطے کے ساتھ چڑیا سے بھی اپنا دل بہلانے لگے۔

(ج) بچوں کی زبانی یہ کہانی سنیے۔اور مختلف سوالات کیجیے۔

(د) ذیل کے حروف سے شروع ہونے والے الفاظ کی شناخت کہانی میں طلبا سے کروائیں۔

ط ظ ع غ

(ھ) ط' ظ' ع' غ سے شروع ہونے والے ذیل کے الفاظ طلبا سے کہلوائیں۔حروف کی آواز سے واقف کروائیں' اور مزید اسی طرح کے لفظ سوچ کر بتانے کی ترغیب دیں۔



طوطا

| | | | |
|---|---|---|---|
| ط | و | ط | ا |



ظروف

| | | | |
|---|---|---|---|
| ظ | ر | و | ف |



عینک

| | | | |
|---|---|---|---|
| ع | ی | ن | ک |



غلیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| غ | ل | ی | ل |

(و) آواز کی پہچان کے بعد حروف ط' ظ' ع' غ جلی حروف میں تختۂ سیاہ پر لکھے جائیں۔

SCERT TELANGANA



## پڑھیے


(الف) طلبا تصویر سے تعلق رکھنے والے لفظ کی نشان دہی کریں۔ لفظ کو بہ آواز بلند پڑھیں۔

 طوطا ظروف غبارہ  پتنگ ظروف سارس

 عینک بندر نل  غلیل تربوز ڈھول

(ب) تصویروں کی مدد سے جملے کہلوایئے اور ط، ظ، ع، غ سے شروع ہونے والے الفاظ پر دائرہ بنوایئے۔



طوطا جام کھا رہا ہے ظروف صاف ہیں عورت عینک لگائی ہوئی ہے غبارہ لال ہے

(ج) طلبا سے ذیل کے الفاظ پڑھوایئے۔

غار طبلہ ظروف عینک غبارہ ظلم

غریب طوطا عورت عادت غرض ظاہر

(د) معلم طلبا سے ذیل کے جملے پڑھوائیں۔ ان جملوں میں خط کشیدہ الفاظ کے حروف الگ الگ کر کے پڑھوائیں۔

← بوڑھا _عینک_ لگایا ہوا ہے۔ ← _ظالم_ مت بن۔

← احمد نے میلے میں _غبارہ_ خریدا۔ ← ارشد _طبلہ_ بجا رہا ہے۔

← _غریب_ کی مدد کر۔

SCERT TELANGANA



## لکھیے

(الف) ذیل کے حروف کو صاف خط میں لکھوائیں۔

ط ______ ______ ______ ______

ظ ______ ______ ______ ______

ع ______ ______ ______ ______

غ ______ ______ ______ ______

(ب) ان الفاظ کے حروف کو الگ الگ کروائیں اور ط، ظ، ع، غ پر 'O' لگوائیں۔

غلط = غ + ل + ط     غریب = ______

ظالم = ______     عطر = ______

عبادت = ______     طاہر = ______

(ج) طلبا سے ذیل کے جملے پڑھوائیں اور خالی جگہوں کو پُر کروائیں۔

1۔ بچے غبارے سے کھیل رہے ہیں۔     بچے ______ سے کھیل رہے ہیں۔

2۔ اکرم طبلہ بجا رہا ہے۔     اکرم ______ بجا رہا ہے۔

3۔ میز پر عینک رکھی ہے۔     میز پر ______ رکھی ہے۔

SCERT TELANGANA

(د) دیے گئے الفاظ سے غیر متعلق لفظ کی نشاندہی کروائیں اور دیے گئے خانوں میں لکھوائیں۔

مثال: ظروف ظروف ظالم ظروف ظالم

1۔ طوطا طبلہ طوطا طوطا

2۔ عینک عینک چمک عینک

3۔ غریب غریب قریب غریب

4۔ ظاہر ظاہر طاہر ظاہر

(ھ) تصویروں کے نام لکھوا کر جملے مکمل کروائیں۔

مثال:  پنجرے سے باہر اڑ رہا ہے۔

_______ پنجرے سے باہر اُڑ رہا ہے۔

 آئینہ دیکھ رہی ہے۔

_______ آئینہ دیکھ رہی ہے۔

 تین رنگ کے ہیں۔

_______ تین رنگ کے ہیں۔

SCERT TELANGANA


(و) جدول میں دیے گئے حروف کی مدد سے الفاظ بنوائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ل | ع | و | ب |
| ت | ط | غ | ا |
| ہ | ظ | ر | ف |

مثال: عارف

سوچیے

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



SCERT TELANGANA